جہان پاکستان

جمعرات، 4 دسمبر، 2014

معذور افراد کو کارآمد شہری بنانا ترجیحات میں شامل ہے عثمان ابراہیم

خصوصی افراد کے علاج معالجہ، تعلیمی وظائف اور بحالی کے اقدامات کو ترجیحی بنیادوں پر عمل میں لایا جارہا ہے، بیرسٹر عابد

اسلام آباد (اپنے سٹاف رپورٹر سے) معذوروں کے عالمی دن کے حوالے سے سپیشل ایجوکیشن سنٹر اسلام آباد میں ایک خصوصی تقریب منعقد کی گئی جس میں وزیر مملکت کیڈ عثمان ابراہیم اور ایم۔ڈی پاکستان بیت المال بیرسٹر عابد وحید شیخ نے مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کی۔ اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل سپیشل ایجوکیشن بھی موجود تھے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر مملکت برائے کیڈ نے کہا کہ معذور افراد کو ملکی ترقی کے دھارے میں شامل کرنا اور انہیں معاشرے کا کارآمد شہری بنانا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے معذور افراد کی امداد اور بحالی کے لیے پاکستان بیت المال اور سپیشل ایجوکیشن سنٹر کے کردار کو بھی سراہا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مینجنگ ڈائریکٹر پاکستان بیت المال بیرسٹر عابد وحید شیخ نے کہا کہ خصوصی افراد کو معاشی و معاشرتی حقوق کی فراہمی کے لیے انہیں علاج معالجہ، تعلیمی وظائف اور بحالی کے اقدامات کو ترجیحی بنیادوں پر عمل میں لایا جارہا ہے۔ ڈائریکٹر جنرل سپیشل ایجوکیشن نے ان تمام اقدامات سے آگاہ کیا جن کی مدد سے خصوصی افراد کو سائنسی بنیادوں پر تعلیم فراہم کی جارہی ہے۔ اس موقع پر معذور افراد نے اس خصوصی دن کے حوالے سے ملی نغمے، ٹیبلو سمیت اپنے فن کے جوہر دکھائے اور حاضرین سے خوب داد وصول کی۔ تقریب کے آخر میں پاکستان بیت المال کی طرف سے معذور افراد میں ویل چیئرز بھی تقسیم کی گئیں۔

اسلام آباد، معذوروں کے عالمی دن کے موقع پر وزیر مملکت کیڈ عثمان ابراہیم اور ایم ڈی بیت المال بیرسٹر عابد وحید شیخ معذوز افراد میں ویل چیئرز تقسیم کر رہے ہیں